15. ادبی رسالہ جہاتؔ کے مدیر کا کیا نام ہے؟
(A) حامدی کاشمیری
(B) شہ زور کشمیری
(C) شورش کشمیری
(D) تبسم کاشمیری

16. حالیؔ نے اردو نثر کا مورثِ اعلا کسے قرار دیا؟
(A) سرسیّد
(B) غالب
(C) محسن الملک
(D) میر مہدی

17. سرسیّد نے دہلی اور لکھنؤ دونوں کے لیے باعثِ رشک کسے کہا؟
(A) حالی
(B) شبلی
(C) سیّد سلیمان ندوی
(D) محسن الملک

18. فورٹ ولیم کالج کی بنیاد کب پڑی؟

(A) ۱۸۰۰
(B) ۱۸۰۱
(C) ۱۸۰۲
(D) ۱۸۰۴

19. ادب برائے زندگی کس کا نظریہ تھا؟

(A) وہابی تحریک

(B) حلقۂ اربابِ ذوق

(C) جدیدیت

(D) ترقی پسند تحریک

20. اقبال کے پہلے اردو شعری مجموعے کا کیا نام ہے؟

(A) ضربِ کلیم

(B) بالِ جبریل

(C) بانگِ درا

(D) ارمغانِ حجاز

21. کس شاعر کے تقریباً تمام قصائد درباردتی سے متعلق ہیں؟

(A) غالب

(B) مومن

(C) سودا

(D) ذوق

22. شاعری کی وہ کون سی قسم ہے جس میں قصے نظم کیے جاتے ہیں؟

(A) مرثیہ

(B) قصیدہ

(C) غزل

(D) مثنوی

23. برکھا رُت کس شاعر کی نظم ہے؟

(A) حالی

(B) شبلی

(C) اسماعیل میرٹھی

(D) چکبست

24. ان میں سے کون سا ڈرامہ آغا حشر کاشمیری کا ہے؟

(A) رستم وسہراب

(B) زود پشیماں

(C) شہیدِ وفا

(D) صیدِ زبوں

25. کیا وہ نمرود کی خدائی تھی بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

اس شعر کی میں کس صنف کا استعمال کیا گیا ہے؟

(A) تشبیہ

(B) استعارہ

(C) حسنِ تعلیل

(D) تلمیح

26. وہ کون سی تحریک ہے جس نے اردو ادب کو سب سے زیادہ متاثر کیا؟

(A) تحریک عدم اعتماد

(B) وہابی تحریک

(C) خلافت تحریک

(D) ترقی پسند تحریک

27. قصیدے کے ابتدائی حصے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) آمد

(B) تشبیب

(C) گریز

(D) دُعا

28. غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(A) مطلع

(B) حسنِ مطلع

(C) مقطع

(D) بیت الغزل

29. قصیدے کے لیے کون سا شاعر مشہور ہے؟

(A) میر درد

(B) مرزا سودا

(C) جرأت

(D) شاہ حاتم

30. 'تہذیب الاخلاق' کس نے جاری کیا؟

(A) مولوی نذیر احمد

(B) منشی ذکاء اللہ

(C) سرسیّد

(D) مرزا رسوا

31. 'طلوعِ اسلام' کس کی نظم ہے؟

(A) حالی

(B) اقبال

(C) جوش

(D) سردار جعفری

32. فورٹ ولیم کالج کی سب سے مشہور کتاب کون سی ہے؟

(A) فسانۂ عجائب

(B) نوطرز مرصع

(C) انشائے بے خبر

(D) باغ و بہار

33. ولی کو اردو شاعری کا باوا آدم کس نے کہا تھا؟

(A) مصحفی

(B) میر حسن

(C) محمد حسین آزاد

(D) عبدالسلام ندوی

34. ذیل میں سے کس کے خاندان سے مرثیے کی روایت وابستہ ہے؟

(A) مرزا دبیر

(B) میر انیس

(C) رنگین

(D) جرأت

35. اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا
یہ شعر کس شاعر کی نظم سے ماخوذ ہے؟

(A) اقبال

(B) فیض احمد فیض

(C) کیفی اعظمی

(D) سردار جعفری

36. ترقی پسند مصنفین کی پہلی کل ہند کانفرنس کی صدارت کس نے کی تھی؟

(A) سجاد ظہیر

(B) مہاتما گاندھی

(C) منشی پریم چند

(D) ملک راج آنند

37. عودِ ہندی کس شاعر کے خطوط کا مجموعہ ہے؟

(A) اصغر گونڈوی

(B) جگر مرادآبادی

(C) حسرت موہانی

(D) مرزا غالب

38. غزل کے ساز اٹھاؤ بہت اداس ہے رات
نوائے میر سناؤ بہت اداس ہے رات
اس کا خالق کون ہے؟
(A) سردار جعفری
(B) ساحر لدھیانوی
(C) جاں نثار اختر
(D) فراق گورکھپوری

39. آثار الصنادید کے مصنف کا کیا نام ہے؟
(A) شبلی
(B) حالی
(C) نذیر احمد
(D) سرسیّد

40. ہستی اپنی حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے
اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟
(A) استعارہ
(B) مجاز مرسل
(C) کنایہ
(D) تشبیہ

41. مرثیہ غالب کس نے لکھا ہے؟
(A) ذوق
(B) حالی
(C) داغ
(D) مومن

42. ذیل میں سے کون سی کتاب حالیؔ نے لکھی ہے؟

(A) حیاتِ سعدی

(B) حیاتِ شبلی

(C) حیاتِ محسن الملک

(D) یادگارِ غالبؔ

43. 'کاغذی پیرہن' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) حامدی کاشمیری

(B) ناصر کاظمی

(C) ابن انشا

(D) خلیل الرحمان اعظمی

44. یہ کس کا شعر ہے۔

دل کی ویرانی کا کیا مذکور ہے    یہ نگر سو مرتبہ لوٹا گیا

(A) مرزا غالبؔ

(B) میر تقی میرؔ

(C) خواجہ میر دردؔ

(D) حیدر علی آتشؔ

45. اس شعر کا خالق کون ہے؟

قطع کیجیے نہ تعلق ہم سے    کچھ نہیں ہے تو عداوت ہی سہی

(A) میرؔ

(B) غالبؔ

(C) ذوقؔ

(D) مومنؔ

46. 'گرم کوٹ' کس افسانہ نگار کی تخلیق ہے؟

(A) راجندر سنگھ بیدی
(B) منٹو
(C) کرشن چندر
(D) خواجہ احمد عباس

47. آغا حشر نے کس صنف میں شہرت حاصل کی؟

(A) ناول
(B) ڈرامہ
(C) افسانہ
(D) شاعری

48. 'اسباب بغاوتِ ہند' کس کی تصنیف ہے؟

(A) حالی
(B) نذیر احمد
(C) سرسیّد
(D) شبلی

49. اس شعر کا خالق کون ہے؟

ہزار بار زمانہ ادھر سے گزرا ہے
نئی نئی سی ہے کچھ تیری رہگذر پھر بھی

(A) اصغر گونڈوی
(B) فانی بدایونی
(C) فراق گورکھپوری
(D) حسرت موہانی

50. مرثیہ سے متعلق کون سی اصطلاح ہے؟

(A) تشبیب

(B) گریز

(C) رجز

(D) دُعا

51. ترقی پسند ادبی تحریک کا آغاز کب ہوا؟

(A) ۱۹۳۶

(B) ۱۹۴۰

(C) ۱۹۵۰

(D) ۱۹۶۰

52. کرشن چندر کے افسانوں میں کس جگہ کا ذکر کثرت سے ملتا ہے؟

(A) بمبئی

(B) سرینگر

(C) دہلی

(D) لکھنؤ

53. کس افسانہ نگار کے افسانوں میں دیہات کا ذکر کثرت سے ملتا ہے؟

(A) کرشن چندر

(B) بیدی

(C) پریم چند

(D) سعادت حسن منٹو

54. ارمغانِ حجاز کے کیا معنی ہیں؟

(A) حجاز کا تحفہ

(B) حجاز کا سفر

(C) حجاز کا چشمہ

(D) حجاز کا نغمہ

55. 'آگ کا دریا' عنوان کس شاعر کے شعر سے ماخوذ ہے؟

(A) اصغر گونڈوی

(B) جگر مرادآبادی

(C) حسرت موہانی

(D) یگانہ چنگیزی

56. اردو ناول کا باوا آدم کسے کہا گیا ہے؟

(A) ڈپٹی نذیر احمد

(B) رتن ناتھ سرشار

(C) پریم چند

(D) کرشن چندر

57. اقبال کے استاد کا کیا نام تھا؟

(A) میر احمد حسن

(B) محمد حسن

(C) میر حسن

(D) حسن الدین

58. مولانا آزاد نے غبارِ خاطر کے خطوط کس کو لکھے تھے؟

(A) مہاتما گاندھی

(B) نہرو

(C) لیاقت علی خاں

(D) نواب حیدر یار جنگ

59. نیرنگِ خیال کے مضامین کی کیا نوعیت ہے؟

(A) تاریخی

(B) سیاسی

(C) تمثیلی

(D) مذہبی

60. ناصر کاظمی کے شعری مجموعے کا کیا نام ہے؟

(A) برگِ نے

(B) شیشہ و آہن

(C) نقشِ فریادی

(D) آہنگ خیال

# Urdu - 2010



1 ادبی اصطلاح قولِ محال سے کیا مراد ہے؟

A وہ بات جس پر عمل کرنا محال ہو

B وہ بیان جو بظاہر تضاد کا شکار ہو

C وہ بیان جس میں ایک بات کہہ کر دوسری مراد لی جائے

D کسی کا وہ قول جس پر بھروسا نہیں کیا جاسکتا

2 نظم کی کس ہیئت میں مصرعوں کے ارکان برابر ہوتے ہیں مگر قافیہ کی پابندی نہیں ہوتی؟

A آزاد نظم

B پابند نظم

C سانیٹ

D معریٰ نظم

3 یہ آرزو تھی تجھے گُل کے روبرو کرتے ہم اور بُلبلِ بے تاب گفتگو کرتے

________ یہ کس کا شعر ہے؟

A مومن

B آتش

C میر تقی میر

D غالب

4 آتشِ آب وخاک وباد نے لی وضعِ سوز ونم ودم وآرام

________ اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

A تمثیل

B استعارہ

C لف ونشر

D مجاز مرسل

5 چہرہ کس شعری صنف کا جز ہے؟

A مرثیہ

B سہرا

C قصیدہ

D مثنوی

6 ان میں سے کون سا ادیب فورٹ ولیم کالج سے وابستہ نہیں تھا؟

A للولال جی

B حیدر بخش حیدری

C میر امن

D رجب علی بیگ سرور

7 تو ہے سر بسر کوئی داستاں ہے عجیب عالم انجمن یہ نگاہِ ناز زباں زباں، یہ سکوتِ ناز سخن سخن

فراق کی غزل کے اس شعر میں ____________

A ردیف ن ہے

B ردیف انجمن اور سخن ہیں

C عالم اور ناز ردیف ہے

D کوئی ردیف ہے ہی نہیں

8 نوشہ سے کیا مراد ہے؟

A شاعر

B شربت

C دولہا

D عظیم

9 حسنِ مطلع سے مراد ہے؟

A غزل کا ایسا مطلع جس میں حُسن کا بیان ہو

B غزل میں مطلع کے فوراً بعد آنے والا شعر

C غزل کا سب سے عُمدہ شعر

D قصیدے کا مطلع

10 دیوان سے مراد شاعری کا وہ مجموعہ ہے جس میں

A شاعر کا تمام کلام شامل ہو

B شاعر کا منتخب کلام تاریخ وار درج ہو

C شاعر کا کلام حروف تہجی کے اعتبار سے ردیف وار درج ہو

D شاعر کا ابتدائی کلام درج ہو

11 شعر میں مضمون یا خیال کی وضاحت کس صنعت سے ہوتی ؟

A تشبیہ

B استعارہ

C علامت

D پیکر

12 ادیب، صحافی، عالمِ دین اور سیاست دان کو پہچانیے :

A علامہ اقبال

B الطاف حسین حالی

C ابوالکلام آزاد

D مولوی نذیر احمد

13 نارِ نمرود کو کیا گلزار دوست کو یوں بچالیا تو نے ---------- اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

A لف ونشر

B استعارہ بالکنایہ

C لمسی پیکر

D تلمیح

14 اردو کے نامور شاعر آتش کا پورا نام کیا تھا

A خواجہ علی حیدر

B خواجہ حیدر علی

C خواجہ غلام علی

D خواجہ امام بخش

15 نظم ''سباویراں'' میں سبا سے کیا مراد ہے؟

A صبح کی ہوا

B ایک قدیم شہر

C ایک مشہور ملکہ

D ایک کھنڈر

16 سیالکوٹ میں پیدا ہونے والے دو شاعروں کو پہچانیے:

A اقبال اور فیض

B اقبال اور راشد

C اقبال اور ناصر

D اقبال اور سردار جعفری

17 ابوالکلام آزاد نے غبارِ خاطر میں شامل مکاتیب کس کے نام لکھے ہیں؟

A نواب علاوالدین

B حافظ محمود شیرانی

C حبیب الرحمٰن شیروانی

D اختر شیرانی

18 حال دل یار کو لکھوں کیوں کر ______ شعر کا دوسرا مصرعہ پہچانیے

A دستِ عاشق رسا نہیں ہوتا

B ہاتھ دل سے جدا نہیں ہوتا

C صنم آخر خدا نہیں ہوتا

D اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا

19 صنفِ انشائیہ کے لیے کون سا قول مشہور ہے؟

A اردو نثر کی آبرو

B شخصی مرقعے کی بہترین صورت

C بیانِ واقعہ پر منحصر صنف

D ذہن کی آزاد ترنگ

20 علی گڑھ تحریک کے بارے میں کیا صحیح ہے؟

A اس سے ادب میں رنگین اسلوب کو فروغ ملا

B اس نے شاعری کو چھوڑ نثر کی طرف توجہ دی

C اس نے ادب میں اشتراکی خیالات کا پرچار کیا

D اس نے اردو میں کچھ نئی اصناف متعارف کیں

21 میدانِ عمل کے کردار کو پہچانیے

A سکینہ

B پشپامنی

C سنتا سنگھ

D معراج الدین

22 افسانہ بجوکا کا ہوری کس ناول کا مشہور کردار ہے؟

A میدان عمل

B لندن کی ایک رات

C گودان

D دوگز زمین

23 ان میں سے کون علی گڑھ تحریک سے وابستہ نہیں تھا؟

A شبلی

B محمد حسین آزاد

C حالی

D نذیر احمد

24 شہ زور کاشمیری کا اصل نام کیا تھا؟

A غلام محمد

B غلام قادر

C غلام احمد

D حبیب اللہ

25 خانہ جنگی کے کس ایکٹ میں اورنگ زیب اسٹیج پر آتا ہے؟

A پہلے

B دوسرے

C تیسرے

D چوتھے

26 کس کے دور حکومت میں اردو کو ریاست جموں و کشمیر کی سرکاری زبان کا درجہ ملا؟

A مہاراجہ پرتاپ سنگھ

B مہاراجہ گلاب سنگھ

C مہاراجہ رنبیر سنگھ

D شیخ محمد عبداللہ

27 غالب کا عرف کیا تھا

A دبیر الملک

B نجم الدولہ

C مرزا نوشہ

D غالب

28 بنے بھائی کے نام سے کون مشہور رہے ہیں

A عبدالعلیم

B احمد علی

C سجاد ظہیر

D سردار جعفری

29 دارا کی شکست کی خبر خانہ جنگی کے کس ایکٹ میں سامنے آتی ہے

A پہلے

B دوسرے

C تیسرے

D چوتھے

30 ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل یہ گھٹائیں ______ یہ مصرعہ کس نظم سے ہے

A بزمِ انجم

B جبریل و ابلیس

C فرشتے آدم کو رخصت کرتے ہیں

D روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

31 ''باغِ اُمید کے اندر جانے کے دو دروازے ہیں۔ایک داروغہ دانش کے اختیار میں ہے دوسرا داروغہ خیال کے تحت میں'' ______

یہ عبارت کس مضمون سے ماخوذ ہے۔

A اُمید کی خوشی

B گلشنِ اُمید کی بہار

C مزاج

D رنگے سیار

32 خلجی اور نوراں کس افسانے کے کردار ہیں

A گرم کوٹ

B فوٹو گرافر

C سوا سیر گیہوں

D کالو بھنگی

33 کرشن چندر کی پیدائش کہاں ہوئی

A کشمیر

B پونچھ

C راجستھان

D وزیر آباد

34 کون سے شاعر اقوامِ متحدہ کے مرکزِ اطلاعات کے ڈائریکٹر رہے ہیں

A علامہ اقبال

B فیض احمد فیض

C ن۔م راشد

D سردار جعفری

35 ریاستِ جموں و کشمیر سے تعلق رکھنے والے افسانہ نگار کو پہچانیے

A فاروق نازکی

B پریم ناتھ بزاز

C نندلال کول طالب

D پُشکر ناتھ

36 ریاستی کلچرل اکیڈمی سے شائع ہونے والے اردو رسالے کا نام بتائیے

A تعمیر

B شیرازہ

C بازیافت

D لفظ لفظ

37 عبدالقادر سروری کی تصنیف کا نام لیجیے

A کشمیری زبان اور شاعری

B جموں و کشمیر میں اردو ادب

C کشمیر میں اردو

D کشمیر کے مضامین

38 ریختہ کے بارے میں کیا صحیح ہے

A اردو زبان کا ایک قدیم نام

B ایسا کلام جس میں عورتوں کی زبان میں عورتوں کے جذبات ادا کیے گئے ہوں

C ناسخ سے مخصوص شعری صنعت

D قصیدے کا ایک جز

39 میر تقی کی وفات کہاں ہوئی

A آگرہ

B دلی

C لکھنو

D فیض آباد

40 ریاست سے شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار کون تھا

A کوہِ نور

B خیر خواہ کشمیر

C بدیا بلاس

D رنبیر

41 حکیم منظور کے شعری مجموعوں کو پہچانیے

A نایافت، شاخِ زعفران

B ناتمام، شعر آسمان

C متاعِ فقیر، نورروزِ صبا

D آبِ نیساں، ابرِ تر

42 دہن وا کردہ قبریں منتظر ہیں _____ حامدی کاشمیری کے شعر کا دوسرا مصرعہ پہچانیے

A سفر تو وادیٔ بے نام تک ہے

B نظر میری ترے انجام تک ہے

C ابھی تو بات بس الزام تک ہے

D یہ جشنِ زندگانی شام تک ہے

43 'گر رہی ہے تری دلدار نظر کی شبنم' _____ یہ مصرعہ کس نظم سے لیا گیا ہے

A صبحِ آزادی

B یاد

C بزدلی ایک عذاب

D ایک لڑکا

44 اخبار رنبیر کے پہلے مدیر کا نام بتایئے

A ملک راج صراف

B پنڈت پریم ناتھ بزاز

C کیشپ بندھو

D ماسٹر روشن لال

45 بادشاہ آزاد بخت اپنی سرگزشت سنانے سے پہلے کتنے درویشوں کا احوال سُن چکا تھا؟

A ایک درویش کا

B دو درویشوں کا

C تین درویشوں کا

D چار درویشوں کا

46 ذیل میں سے کس کے آباواجداد کا تعلق کشمیر سے نہیں تھا؟

A پنڈت رتن ناتھ سرشار

B آغا حشر

C علامہ اقبال

D سجاد ظہیر

47 ''اخبار کا مالک اپنے پرچے کو رونق دینا چاہے تو اس کو اس کے سوا کوئی چارہ کار نہیں کہ اپنے اخبار کو ''پنچ'' بنائے۔ یہ جملہ کس مضمون سے ماخوذ ہے؟

A جموں وکشمیر میں اردو صحافت (گربچن چندن)

B ترسیل ابلاغ اور تفاہم (ابن فرید)

C مزاح (حالی)

D امید کی خوشی (سرسید)

48 شبلی کی تصنیف شعرالعجم کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

A دو

B تین

C چار

D پانچ

49 افسانہ گرم کوٹ میں گیلی لکڑیاں کون لاتا ہے؟

A منگل سنگھ

B سنتا سنگھ

C یزدانی

D معراج الدین ٹیلر ماسٹر

50 کس صنف کا موضوع مخصوص تصور کیا جاتا ہے؟

A مثنوی

B غزل

C مرثیہ

D نظم

51 خون کی لکیر، پتھر کی دیوار اور نئی دنیا کو سلام کس کے شعری مجموعے ہیں؟

A فیض احمد فیض

B پروین شاکر

C اختر الایمان

D سردار جعفری

52 اس شاعر کو پہچانیے جس نے صرف نظم کو اپنا وسیلۂ اظہار بنایا

A اختر الایمان

B سردار جعفری

C فیض احمد فیض

D حکیم منظور

53 رخصت کس شعری صنف کا جُز ہے؟

A مثنوی

B مرثیہ

C قصیدہ

D غزل

54 ہر خرابہ یہ صدا دیتا ہے ______ ناصر کے شعر کا دوسرا مصرعہ پہچانیے۔

A دل کا یہ حال کہاں تھا پہلے

B میں بھی آباد مکاں تھا پہلے

C کیا خبر کون کہاں تھا پہلے

D اس قدر دور کہاں تھا پہلے

55 صنفِ انشائیہ کے عناصرِ ترکیبی میں کیا شامل ہیں؟

A مکالمہ اور کردار

B مزاح اور مربوط پلاٹ

C واقعات کی سچائی اور انتخاب

D شخصی نقطۂ نظر اور غیر رسمی انداز

56 اقبال کے مجموعوں کی صحیح ترتیب پہچانیے

A بانگِ درا، ضربِ کلیم، ارمغان حجاز، بالِ جبریل

B بانگِ درا، بالِ جبریل، ارمغانِ حجاز، ضربِ کلیم

C بانگِ درا، بالِ جبریل، ضربِ کلیم، ارمغانِ حجاز

D ضربِ کلیم، بالِ جبریل، بانگِ درا، ارمغانِ حجاز

57 انجمنِ ترقی پسند مصنفین کے بنیاد گزاروں میں کس کا نام اہم رہا ہے؟

A خلیل الرحمٰن اعظمی

B سردار جعفری

C فیض احمد فیض

D سجاد ظہیر

58 مثنوی سحر البیان کی ہیروئن بدرِ منیر کے باپ کا نام کیا ہے؟

A فیروز شاہ

B مسعود شاہ

C نجم النساء

D بے نظیر

59 مرزا غالب کا سال وفات بتائیے۔

A 1857

B 1859

C 1869

D 1897

60 تاریخی اعتبار سے صحیح ترتیب کون سی ہے؟

A میر تقی میر۔ میر انیس۔ غالب۔ اقبال

B میر انیس۔ میر تقی میر۔ غالب۔ اقبال

C غالب۔ میر تقی میر۔ اقبال۔ میر انیس

D میر تقی میر۔ غالب۔ میر انیس۔ اقبال

## URDU

1. گریز کس صنف سخن کا جز ہے؟
(a) غزل
(b) گیت
(c) قصیدہ
(d) نظم

2. میر کی جائے پیدائش کہاں تھی؟
(a) لکھنؤ
(b) دلی
(c) حیدرآباد
(d) اکبرآباد

3. اردو کے پہلے صاحب دیوان شاعر کون ہیں؟
(a) سلطان محمد قلی قطب شاہ
(b) مُلا وجہی
(c) ولی
(d) حاتم

4. قصیدہ نگار جس شخصیت کی تعریف کرتا ہے اُس کو کیا کہتے ہیں؟
(a) مدح
(b) مادح
(c) ممدوح
(d) مدحیہ

5. اس موج کے ماتم میں روتی ہے بھنور کی آنکھ
دریا سے اُٹھی، لیکن ساحل سے نہ ٹکرائی
یہ شعر اقبال کی کس نظم کا ہے؟
(a) ذوق و شوق
(b) لالہء صحرا
(c) جبرئیل و ابلیس
(d) شعاعِ امید

6. اردو کے پہلے ناول نگار کون ہیں؟
(a) نذیر احمد
(b) پریم چند
(c) رسوا
(d) کرشن چندر

7. ڈراما ''خانہ جنگی'' کس کا لکھا ہوا ڈراما ہے؟
(a) محمد حسن
(b) عابد حسین
(c) محمد مجیب
(d) کرشن چندر

8. ڈراما ''خانہ جنگی'' کتنے ایکٹوں پر مشتمل ہے؟
(a) پانچ
(b) چار
(c) تین
(d) ایک

9. ن۔م۔ راشد کا پورا نام کیا ہے؟
(a) نور محمد راشد
(b) نذیر محمد راشد
(c) نذر محمد راشد
(d) نعیم محمد راشد

10. بانگ درا کس کا شعری مجموعہ ہے؟
(a) فیض
(b) فراق
(c) ناصر
(d) اقبال

11. کون سی نظم فیض کی نہیں ہے؟

(a) شیشوں کا مسیحا

(b) تنہائی

(c) شام

(d) میرا سفر

12. ''بڑی اچھی تھی بچاری، مری بھی تو خوب کھلا پلا کر''

کس افسانے کا مکالمہ ہے؟

(a) آخری آدمی

(b) گرم کوٹ

(c) کفن

(d) نمک کا داروغہ

13. ''ہندوستانی کسانوں کو دیکھتے ہوئے یہ بتانا مشکل ہے کہ اس کے بال بچے مویشیاں ہیں یا مویشیاں اس کے بال بچے''

یہ کس مضمون سے لیا گیا ہے؟

(a) مرحوم کی یاد میں

(b) گواہ

(c) ارہر کا کھیت

(d) مرزا کی یاد میں

14. ''ادب اور زندگی'' کس کا مضمون ہے؟

(a) محمد مجیب

(b) مجنوں گورکھپوری

(c) عبدالحق

(d) محمد حسین آزاد

15. درج ذیل الفاظ میں کس لفظ کے معنی جدا ہیں ؟

(a) قندیل

(b) ایوان

(c) محل

(d) قصر

16. محرم نہیں ہے تو ہی نواہائے راز کا  یاں ورنہ جو حجاب ہے پردہ ہے ساز کا

اس شعر میں کون سے دو لفظ ہم معنی ہیں ؟

(a) راز اور ساز

(b) محرم اور نوا

(c) نوا اور ساز

(d) حجاب اور پردہ

17. کس افسانے میں آدمیوں کے بندر بن جانے کا قصہ بیان کیا گیا ہے؟

(a) دو ہاتھ

(b) آخری کوشش

(c) آخری آدمی

(d) گرم کوٹ

18. ''حکایت بادہ وتریاک'' کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(a) نیرنگ خیال

(b) غبار خاطر

(c) مقدمہ شعر و شاعری

(d) مقالات حالی

19. بیانیہ شاعری کے لئے کون سی صنف زیادہ بہتر ہے؟

(a) مرثیہ

(b) مثنوی

(c) غزل

(d) قصیدہ

20. ''مسدس'' کی ہیت کو کس صنف میں بہتر طریقے سے استعمال کیا گیا ہے؟

(a) مرثیہ

(b) نظم

(c) گیت

(d) رباعی

21. ان میں کون سا جز مرثیہ سے متعلق نہیں ہے؟

(a) تشبیب

(b) بین

(c) رجز

(d) رخصت

22. ''موازنہء انیس و دبیر'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) حالی

(b) شبلی

(c) سرسید

(d) جوش

23. ایک طویل اور مربوط شعری تخلیق کے لئے کون سی صنف زیادہ کارآمد ہے؟

(a) قصیدہ

(b) غزل

(c) نظم

(d) مثنوی

24. کونسی مثنوی مرزا شوق لکھنوی کی نہیں ہے؟

(a) بہارِ عشق

(b) فریبِ عشق

(c) دریائے عشق

(d) زہرِ عشق

25. ایماں مجھے روکے ہے، جو کھینچے ہے مجھے کفر
کعبہ مرے پیچھے ہے، کلیسا مرے آگے
یہ شعر کس کا ہے؟

(a) اقبال

(b) غالب

(c) میر

(d) فیض

26. بنجارا نامہ کس کی نظم ہے؟

(a) نظیر اکبر آبادی

(b) حالی

(c) شبلی

(d) اقبال

27. آتش کا پورا نام کیا ہے؟

(a) حیدر بخش آتش

(b) نواب بخش آتش

(c) حیدر علی آتش

(d) امام بخش آتش

28. اردو شاعری میں میر انیس کیوں مشہور ہیں؟

(a) اُس نے نثری شاعری کی ہے؟

(b) اُس نے غزل کی روایت کو آگے بڑھایا

(c) اُس نے رثائی شاعری میں کمال حاصل کیا

(d) اُس نے اردو میں اعلیٰ پائے کی نظمیں لکھی ہیں

29. سرسید کے بارے میں یہ کس نے کہا ہے؟

''زمانہ جانتا ہے کہ مجھ کو سرسید کے مذہبی مسائل سے سخت اختلاف تھا''

(a) حالی

(b) نذیر احمد

(c) ابوالکلام آزاد

(d) شبلی

30. ''تہذیب الاخلاق'' اخبار کس نے نکالا تھا؟

(a) شبلی

(b) سرسید

(c) غالب

(d) محمد حسین آزاد

31. مکاتیب غالب کے بارے میں کون سی بات درست نہیں ہے؟

(a) ان میں سرسید تحریک کی مخالفت کی گئی ہے

(b) ان میں لمبے چوڑے القاب سے پرہیز کیا گیا ہے

(c) ان میں 1857ء کے حالات کا تذکرہ کیا گیا ہے

(d) ان میں طنز و ظرافت سے کام لیا گیا ہے

32. قصیدہ، مرثیہ اور شہر آشوب میں کون سی بات مشترک ہے؟

(a) ان میں موضوعات متعین ہیں

(b) ان کی تکنیک ملتی جلتی ہے

(c) ان میں اشعار کی تعداد متعین ہے

(d) ان میں کوئی بات مشترک نہیں ہے

33. نظم کی صنف کے بارے میں کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟

(a) اس میں مخصوص موضوعات کا اظہار کیا جاتا ہے؟

(b) اس کی ہیت مقرر نہیں ہے

(c) اس میں اشعار کی تعداد مقرر نہیں ہے

(d) اس میں مرکزی خیال ہوتا ہے

34. اردو میں ''نظم'' کے بنیاد گزار کون ہیں؟

(a) حالی

(b) اقبال

(c) نظیر اکبر آباد

(d) چکبست

35. نظم معریٰ، آزاد نظم اور نثری نظم

(a) منفرد اصناف ہیں

(b) نظم کی مختلف ہیتیں ہیں

(c) غزل سے ماخوذ اصناف ہیں

(d) اردو کی کلاسیکی اصناف شعر ہیں

36. مضمون ''مرحوم کی یاد میں'' کس کا مضمون ہے

(a) حالی

(b) شبلی

(c) رشید احمد صدیقی

(d) پطرس بخاری

37. فرحت اللہ بیگ، رشید احمد صدیقی اور پطرس بخاری میں کون سی بات مشترک ہے؟

(a) تینوں غزل گو شعرا ہیں

(b) تینوں افسانہ نگار ہیں

(c) تینوں ناول نگار ہیں

(d) تینوں انشائیہ نگار ہیں

38. یہ کذب و افترا ہے، جھوٹ ہے، دیکھو میں زندہ ہوں!
کس نظم کا آخری مصرعہ ہے؟

(a) پگڈنڈی

(b) بنت لمحات

(c) یادیں

(d) ایک لڑکا

39. ''سرکس کا گھوڑا'' کس کی نظم ہے؟

(a) بلراج کومل

(b) عمیق حنفی

(c) فیض

(d) اختر الایمان

40. بیوگرافی کا اردو ترجمہ کیا ہے؟

(a) تذکرہ

(b) خاکہ

(c) سوانح

(d) انشائیہ

41. خواجہ غلام السیدین نے سید راس مسعود کی سب سے بڑی تعلیمی خدمت کیا قرار دی ہے؟

(a) اندور میں ہندی یونیورسٹی کا قیام

(b) عثمانیہ یونیورسٹی کی تاسیس

(c) علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا قیام

(d) ان میں سے کوئی بھی نہیں

42. ایک غریب سپاہی نور خان کا خاکہ کس نے لکھا ہے؟

(a) حالی

(b) مولوی عبدالحق

(c) سرسید

(d) شبلی

43. بابائے اردو کس کو کہا جاتا ہے؟

(a) مولوی عبدالحق

(b) سرسید احمد خان

(c) ابو الکلام آزاد

(d) اقبال

44. ''یادگار غالب'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) غالب

(b) مالک رام

(c) شبلی

(d) حالی

45. ''شعر العجم'' کس کی تصنیف ہے؟

(a) غالب

(b) شبلی

(c) حالی

(d) وقار الملک

46. ''اردو تنقید کے بنیادی افکار'' کس کا لکھا ہوا تنقیدی مضمون ہے؟

(a) خلیل الرحمن اعظمی

(b) شارب ردولوی

(c) آل احمد سرور

(d) حالی

47. مقدمہ شعر و شاعری کس کی تصنیف ہے؟

(a) حالی

(b) شبلی

(c) احتشام حسین

(d) کلیم الدین احمد

48. وہ فاقہ مست ہوں جس راہ سے گزرتا ہوں
سلام کرتا ہے آشوبِ روزگار مجھے
یہ کس کا شعر ہے ؟
(a) خلیل الرحمن اعظمی
(b) ناصر کاظمی
(c) حامدی کاشمیری
(d) حکیم منظور

49. کس شاعر نے قصیدے نہیں لکھے ہیں ؟
(a) غالب
(b) ذوق
(c) سودا
(d) اختر الایمان

50. غالب کی نثری خدمات کس ہیئت میں ہیں ؟
(a) سوانح
(b) خاکہ
(c) خطوط
(d) کسی میں نہیں

51. فورٹ ولیم کالج کے بارے میں کونسی بات درست نہیں ہے ؟
(a) فورٹ ولیم کالج میں ترجموں کا کام ہوا
(b) فورٹ ولیم کالج میں زیادہ تر سائنسی کتابوں کے تراجم کیے گئے
(c) فورٹ ولیم کالج کی کتابوں کی زبان سلیس اور آسان ہے
(d) فورٹ ولیم کالج میں تدریسی نوعیت کی کتابیں لکھی گئیں

52. باغ و بہار کے متعلق کون سی بات درست نہیں ہے؟

(a) یہ ترجمہ ہے

(b) یہ طبع زاد نہیں ہے

(c) یہ پہلی اردو نثری کتاب ہے

(d) اس کے مصنف میرامن ہیں

53. حالی، شبلی اور نذیر احمد کے بارے میں کون سا بیان صحیح نہیں ہے؟

(a) تینوں علی گڑھ تحریک سے وابستہ تھے

(b) تینوں نے نثری تصانیف لکھی ہیں

(c) تینوں نے ناول لکھے ہیں

(d) تینوں سرسید تحریک سے وابستہ تھے

54. سجاد ظہیر اردو کی کس تحریک سے وابستہ تھے؟

(a) علی گڑھ تحریک

(b) ترقی پسند تحریک

(c) جدیدیت کی تحریک

(d) کسی بھی تحریک سے نہیں

55. اردو میں جدیدیت کی تحریک کب شروع ہوئی :

(a) 1955ء کے آس پاس

(b) 1936ء کے آس پاس

(c) 1857ء کے آس پاس

(d) 1970ء کے آس پاس

56. ریاست جموں و کشمیر کی سرکاری زبان کیا ہے؟

(a) انگریزی

(b) ہندی

(c) اردو

(d) کوئی نہیں

57. غلام رسول نازکی، حامدی کاشمیری، حکیم منظور کے بارے میں کونسی بات درست نہیں ہے؟

(a) تینوں شاعر ہیں

(b) تینوں کا تعلق ریاست جموں وکشمیر سے ہے

(c) تینوں اُنیسویں صدی کے شاعر ہیں

(d) تینوں کی شعری کتابیں شائع ہوئی ہیں

58. ''خودکشی'' ن۔م۔راشد کی :

(a) مثنوی ہے

(b) غزل ہے

(c) سوانح ہے

(d) نظم

59. صبح دم دروازۂ خاور کھلا مہر عالمتاب کا منظر کھلا

غالب نے یہ قصیدہ کس کی مدح میں لکھا ہے؟

(a) اورنگ زیب

(b) لارڈ ولزلی

(c) بہادر شاہ ظفر

(d) کسی کی نہیں

60. علی سردار جعفری، احتشام حسین اور سجاد ظہیر کا تعلق کس تحریک سے ہے؟

(a) ترقی پسند تحریک

(b) جدیدیت کی تحریک

(c) ادب لطیف

(d) ایہام گوئی

## URDU

1. میر تقی میر کا تعلق اردو شاعری کے کس مرکز سے ہے؟

(A) دکن

(B) لکھنؤ

(C) دِلّی

(D) عظیم آباد

2. آتش اور ناسخ کے بارے میں کون سی بات مشترک نہیں ہے؟

(A) دونوں کا تعلق شاعری کے ایک ہی مرکز سے ہے

(B) دونوں ہم عصر شاعر ہیں

(C) دونوں کے ہاں کم و بیش موضوعات کی یکسانیت ہے

(D) دونوں کی شاعرانہ طبیعت میں نمایاں فرق ہے

3. میر کی شاعری کے بارے میں کون سی بات صحیح نہیں ہے؟

(A) میر کی شاعری میں خارجی موضوعات کی بھرمار ہے

(B) میر غزل کے فن سے بخوبی واقف تھے

(C) سادگی اور پرکاری ان کی شاعری کی اہم خصوصیات میں شامل ہے

(D) میر کا شمار اردو کے بڑے غزل گو شعراء میں ہوتا ہے

4. غالب نے کلکتہ کا سفر کیوں کیا تھا؟

(A) فورٹ ولیم کالج میں نوکری حاصل کرنے کے لئے

(B) اپنے پنشن کے مقدمے کی پیروی کے لئے

(C) گل کرسٹ سے ملنے کے لئے

(D) ایسٹ انڈیا کمپنی میں ملازمت حاصل کرنے کے لئے

5. ان میں سے غالب کس کے اُستاد رہ چکے ہیں
(A) بہادر شاہ ظفر
(B) میر
(C) مومن
(D) ذوق

6. یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

تم مرے پاس ہوتے ہو گویا
جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(A) میر
(B) مومن
(C) غالب
(D) ذوق

7. کون سی بات مومن کے بارے میں صحیح ہے؟
(A) مومن غالب کے شاگرد تھے
(B) مومن اور غالب معاصرین تھے
(C) مومن اور غالب دونوں دلی میں پیدا ہوئے تھے
(D) مومن نے صرف غزل میں شاعری کی ہے

8. بال جبرئیل کس کا شعری مجموعہ ہے؟
(A) حالی
(B) شبلی
(C) اقبال
(D) اکبر الہ آبادی

9. نظم ''بنجارہ نامہ'' کا بنیادی موضوع کیا ہے؟

(A) بھوک اور مفلسی

(B) مذہب کا احترام

(C) شاعر کی سرگذشت

(D) دنیا کی بے ثباتی

10. اردو ادب کی تاریخ میں نظیر اکبرآبادی کیوں مشہور ہیں؟

(A) وہ اردو کے بڑے غزل گو شاعر ہیں

(B) وہ میر اور سودا کے ہم عصر شاعر تھے

(C) ان کی نظموں میں ہندوستان کی مشترکہ تہذیب کی عکاسی ہے

(D) وہ اٹھارویں صدی کے شاعر ہیں

11. اردو میں نظم نگاری کا باقاعدہ رجحان کس تحریک کے زیرِ اثر نشو و نما پانے لگا؟

(A) علی گڑھ تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) انجمن پنجاب کی تحریک

(D) جدیدیت کی تحریک

12. ''مسدس مد و جزر اسلام'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(A) سرسید

(B) حالی

(C) اقبال

(D) شبلی

13. ''شیشوں کا مسیحا'' کس کی لکھی ہوئی نظم ہے؟

(A) اقبال

(B) راشد

(C) اختر الایمان

(D) فیض

14. کون سی صنفِ سخن اردو میں فارسی سے نہیں آئی ہے؟

(A) نظم

(B) غزل

(C) مرثیہ

(D) قصیدہ

15. مرثیہ کے ابتدائی حصے کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ماجرا

(B) رجز

(C) چہرہ

(D) سراپا

16. مثنوی کے بارے میں کون سی بات سچ نہیں ہے؟

(A) مثنوی میں واقعات نگاری ہوتی ہے

(B) مثنوی کا آرٹ غنائی اور ایمائی ہے

(C) مثنوی میں ربطِ خیال کی اہمیت ہوتی ہے

(D) مثنوی میں موضوع کی کوئی قید نہیں ہے

17. ''عود ہندی''

(A) غالب کے مکاتیب کا مجموعہ ہے

(B) غالب کی غزلیات کا مجموعہ ہے

(C) غالب کی سوانح حیات ہے

(D) غالب کی خودنوشت سوانح حیات ہے

18. ''ہائے اتنے یار مرے کہ جو اَب میں مروں گا تو میرا کوئی رونے والا بھی نہ ہوگا''

غالب نے ان الفاظ میں کس واقعے کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(A) اپنے ایک خاص دوست کے انتقال کے واقعے کی طرف

(B) اپنے بیٹے کے انتقال کی طرف

(C) بہادر شاہ ظفر کے انتقال کی طرف

(D) 1857 کے واقعے کی طرف

19. ''میں انسان نہیں ہوں، میں پاگل ہوں، مجھے انسانوں سے نفرت ہے، مجھے پاگل خانے کی غلامی بخشدو'' یہ الفاظ کس افسانے سے لئے گئے ہیں؟

(A) نمک کا داروغہ

(B) دو فرلانگ لمبی سڑک

(C) گرم کوٹ

(D) آخری کوشش

20. ''مرحوم کی یاد میں'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) رشید احمد صدیقی

(B) الطاف حسین حالی

(C) پطرس بخاری

(D) مجنون گورکھپوری

21. قصیدے کی ابتداء میں جو شعر تمہید کے طور پر کہے جاتے ہیں، ان کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) مطلع

(B) تشبیب

(C) گریز

(D) ابتدایہ

22. قصیدے کے جس حصے میں ممدوح کے اوصاف بیان کئے جاتے ہیں اس کو کیا کہتے ہیں ؟

(A) گریز

(B) ممدوح

(C) مدح

(D) سراپا

23. بہ قدرِ شوق نہیں، ظرف، تنگنائے غزل
کچھ اور چاہئے وسعت، مرے بیان کے لئے

(A) میر

(B) غالب

(C) اقبال

(D) فیض

24. قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو
کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) اقبال

(B) حسرت

(G) فراق

(D) فیض

25. ''ہے مری جرأت سے مُشتِ خاک میں ذوقِ نمو''
اس میں مشتِ خاک کس کی طرف اشارہ ہے؟

(A) ابلیس

(B) جبرئیل

(C) انسان

(D) فرشتہ

26. سلیماں کا ذکر کس نظم میں ہے؟

(A) سیاہ ویراں

(B) خودکشی

(C) لالہء صحرا

(D) شعاعِ اُمید

27. ہے اہلِ دل کے لئے اب یہ نظم بست وکشاد
کہ سنگ وخشت مقید ہیں اور سگ آزاد
یہ کس نظم کا شعر ہے؟
(A) شام
(B) تنہائی
(C) نثار میں تیری گلیوں کے
(D) شیشوں کا مسیحا

28. ''ہم اپنے سے باہر ساری چیزیں ڈھونڈتے رہیں گے مگر اپنے کھوئے ہوئے دل کو کبھی نہیں ڈھونڈیں گے حالانکہ اگر اسے ڈھونڈ نکالیں تو عیش وعشرت کا سارا سامان اسی کوٹھری کے اندر سمٹا ہوا مل جائے''
یہ الفاظ کس مضمون سے لئے گئے ہیں؟
(A) ادب اور زندگی
(B) حکایت بادہ وتریاک
(C) فنون لطیفہ
(D) گواہ

29. اردو افسانہ کے اصل موجد کون ہیں؟
(A) پریم چند
(B) کرشن چندر
(C) راجندر سنگھ بیدی
(D) عصمت چغتائی

30. اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک کی ابتدا کب ہوئی ؟

(A) 1857ء

(B) 1900ء

(C) 1936ء

(D) 1947ء

31. ''ادب اور زندگی'' کس کا لکھا ہوا مضمون ہے؟

(A) سر سیّد

(B) حالی

(C) شبلی

(D) مجنوں گورکھپوری

32. بدھیا، گھیسو اور مادھو افسانہ ''کفن'' کے تین اہم کردار ہیں۔ ان کے درمیان رشتے کے بارے میں کون سی بات صحیح نہیں ہے؟

(A) گھیسو مادھو کا باپ ہے

(B) بدھیا مادھو کی بیوی ہے

(C) بدھیا گھیسو کی بہو نہیں ہے

(D) مادھو گھیسو کا بیٹا ہے

33. ''میں ساٹھ سال دنیا میں کیا گھاس کھودتا رہا ہوں، اس کو کفن ملے گا'' 'کفن' کس کے لئے تھا؟

(A) گھیسو

(B) بدھیا

(C) مادھو

(D) زمیندار صاحب

34. ''دو ہاتھ'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) عصمت جاوید

(B) قرۃ العین حیدر

(C) کرشن چندر

(D) حیات اللہ انصاری

35. ''الیاسف'' کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) آخری کوشش

(B) دو ہاتھ

(C) آخری آدمی

(D) نمک کا داروغہ

36. ڈراما ''خانہ جنگی'' کتنے ایکٹوں پر مشتمل ہے؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

37. اردو ڈراما نگاری کے شکسپیئر کون ہیں ؟

(A) حکیم احمد شجاع

(B) آغا حشر

(C) امتیاز علی تاج

(D) پروفیسر مجیب

38. ''انارکلی'' کے مصنف کون ہیں ؟

(A) امتیاز علی تاج

(B) آغا حشر

(C) پروفیسر مجیب

(D) امانت لکھنوی

39. ڈراما ''خانہ جنگی'' میں ہمارا تعارف ''شیخ سرمد'' سے کہاں ہوتا ہے ؟

(A) آگرہ کے قلعے میں

(B) ملا ابوالقاسم کے مدرسے میں

(C) جامع مسجد کی سیڑھیوں پر

(D) ڈراما کے پہلے ایکٹ میں

40. فورٹ ولیم کالج کب اور کہاں قائم کیا گیا تھا ؟

(A) 1800 ء کو کلکتہ میں

(B) 1857 ء کو دلی میں

(C) 1865 ء کو لاہور میں

(D) 1900 ء کو لکھنؤ میں

41. میر امن نے کس قصہ کو باغ و بہار کے نام سے لکھا ؟

(A) قصہء حاتم طائی

(B) قصہء الف لیلیٰ

(C) قصہء لیلیٰ مجنوں

(D) قصہء چہار درویش

42. نوطرز مرصع کی خاص بات کیا ہے ؟

(A) یہ اردو نثر کی کتاب ہے

(B) یہ فارسی سے ترجمہ ہے

(C) یہ فورٹ ولیم کالج سے پہلے کی تصنیف ہے

(D) یہ بہت ہی مشکل اور پر تکلف زبان میں لکھی گئی کتاب ہے

43. علی گڑھ تحریک کا آغاز کب ہوا ؟

(A) 1857ء کے واقعات کے بعد

(B) 1865ء کے بعد

(C) 1900ء کے بعد

(D) 1947ء کے بعد

44. تہذیب الاخلاق سے اردو ادب کی تاریخ میں کیا اضافہ ہوا ؟

(A) اردو ادب میں نظم نگاری کا آغاز ہوا

(B) اردو ادب میں مضمون نگاری کا آغاز ہوا

(C) اردو ادب میں غزل نگاری کا نیا رجحان سامنے آیا

(D) اردو نثر کی زبان بے حد آسان ہوگئی

45. حالی، شبلی اور نذیر احمد کس تحریک سے وابستہ تھے؟

(A) علی گڑھ تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) انجمن پنجاب کی تحریک

(D) کسی بھی تحریک سے نہیں

46. سجاد ظہیر کس تحریک کے بنیاد گزاروں میں تھے ؟

(A) علی گڑھ تحریک

(B) ترقی پسند تحریک

(C) جدیدیت کی تحریک

(D) کسی بھی تحریک سے نہیں

47. سردار جعفری اور احتشام حسین کس تحریک سے وابستہ تھے ؟

(A) ایہام گوئی کی تحریک

(B) علی گرھ تحریک

(C) ترقی پسند تحریک

(D) جدیدیت کی تحریک

48. اردو ادب میں جدیدیت کا آغاز کب ہوا ؟

(A) 1900ء

(B) 1947ء

(C) 1950ء

(D) 1955ء

49. آغا حشر کا نسبی تعلق کس جگہ سے تھا ؟

(A) حیدر آباد

(B) دلی

(C) لکھنؤ

(D) جموں و کشمیر

50. کون سی صنف انشائیہ کے بہت قریب ہے ؟

(A) خاکہ

(B) تذکرہ

(C) افسانہ

(D) مضمون

51. اردو کے پہلے بڑے نقاد اور ان کی کتاب کا نام کیا ہے ؟

(A) حالی / مقدمہ شعر و شاعری

(B) شبلی / شعر العجم

(C) آل احمد سرور / تنقیدی اشارے

(D) کلیم الدین احمد / اردو تنقید پر ایک نظر

52. ''شبلی کا تنقیدی مسلک'' کس کا مضمون ہے ؟

(A) ناصر کاظمی

(B) خلیل الرحمن اعظمی

(C) حامدی کاشمیری

(D) گوپی چند نارنگ

53. ان میں کون سا شاعر بیسویں صدی کا نہیں ہے؟

(A) شہریار

(B) حامدی کاشمیری

(C) حکیم منظور

(D) نظیر اکبرآبادی

54. گلابی گوشت، بے جان چوب خشک، شاخ برہنہ کس نظم میں یہ ترکیبیں استعمال ہوئی ہیں؟

(A) پگڈنڈی

(B) بوڑھا اور سمندر

(C) نظم

(D) سرکس کا گھوڑا

55. ''چند ہم عصر''

(A) انشائیوں کا مجموعہ ہے

(B) مضامین کا مجموعہ ہے

(C) مکاتیب کا مجموعہ ہے

(D) خاکوں کا مجموعہ ہے

56. ''ارہر کا کھیت'' کس کا انشائیہ ہے؟

(A) پطرس بخاری

(B) مجتبیٰ حسین

(C) رشید احمد صدیقی

(D) ان میں کسی کا نہیں

57. ''مضامین رشید'' کس کی تصنیف ہے ؟

(A) خلیل الرحمن اعظمی

(B) آل احمد سرور

(C) رشید احمد صدیقی

(D) مسعود حسین خان

58. ان میں سے کونسا بیان حالی کے بارے میں صحیح نہیں ہے ؟

(A) حالی غالب کے شاگرد رہے ہیں

(B) یادگار غالب کے مصنف حالی ہیں

(C) حالی اور غالب ہم عصر ہیں

(D) غالب اور حالی کا جائے پیدائش ایک ہے

59. کون سا بیان مولوی عبدالحق کے بارے میں صحیح نہیں ہے ؟

(A) مولوی عبدالحق اردو کے بڑے محقق ہیں

(B) عبدالحق اردو کے صاحب طرز نثر نگار ہیں

(C) عبدالحق کا شمار اردو کے بڑے شاعروں میں ہوتا ہے

(D) عبدالحق بابائے اردو کے نام سے موسوم ہیں

60. راس مسعود کا سر سید سے کیا رشتہ تھا ؟

(A) راس مسعود سر سید کا بیٹا تھا

(B) راس مسعود سر سید کا پوتا تھا

(C) راس مسعود سر سید کا بھتیجا تھا

(D) راس مسعود کا سر سید سے کوئی رشتہ نہیں تھا

# URDU

1. لفظ "اردو" کے معنی ہیں :

(ا) لشکر (ب) حکومت

(ج) گروہ (د) آدمی ۔

2. اردو کا پہلا صاحبِ دیوان شاعر کون ہے ؟

(ا) قلی قطب شاہ (ب) ولی دکنی

(ج) امیر خسرو (د) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز ۔

3. وجہی کی مشہور داستان کا نام کیا ہے ؟

(ا) سب رنگ (ب) سب رس

(ج) قطب مشتری (د) چہار درویش ۔

4. امیر خسرو کے پیرو مرشد کون تھے ؟

(ا) حضرت نظام الدین اولیاء (ب) خواجہ معین الدین چشتی

(ج) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز (د) قلی قطب شاہ ۔

5. اردو کے پہلے افسانوی مجموعے کا نام کیا ہے ؟

(ا) سوزِ وطن (ب) خاکِ وطن

(ج) دنیا کا انمول رتن (د) زہرِ عشق ۔

6. اُردو میں تنقید نگاری کی باضابطہ ابتدا کس نے کی ؟

(ا) الطاف حسین حالی (ب) مولانا شبلی

(ج) امداد امام اثر (د) ذوق ۔

7. غالب کا پورا نام کیا ہے ؟

(ا) اسداللہ خاں غالب (ب) عبداللہ خاں غالب

(ج) نعمت اللہ خاں غالب (د) امداد خاں ۔

8. علاّمہ اقبال کی پیدائش کہاں ہوئی تھی ؟

(ا) لاہور (ب) سیالکوٹ

(ج) راولپنڈی (د) کشمیر

9. لولی حاجی کا تعلق کس ریاست سے تھا ؟

(ا) جموں وکشمیر (ب) پنجاب

(ج) اُترپردیش (د) صوبۂ سرحد ۔

10. راج ترنگنی کا مصنّف کون ہے ؟

(ا) دان بھٹ (ب) کلہن

(ج) سوم دیو (د) رام لعل ۔

11. رسالہ "شیرازہ" کہاں سے شائع ہوتا ہے ؟

(ا) دہلی (ب) سرینگر

(ج) لکھنؤ (د) حیدرآباد ۔

12. روزنامہ "آفتاب" (کشمیر) کے مدیر کا نام کیا ہے ؟

(ا) امیراللہ بھٹ (ب) ثناءاللہ بھٹ

(ج) حمیداللہ بھٹ (د) رحیم راد

13. شملہ معاہدہ کن ملکوں کے درمیان ہوا تھا ؟

(ا) پاکستان اور چین (ب) ہندوستان اور پاکستان

(ج) ہندوستان اور نیپال (د) بھوٹان اور پاکستان ۔

14. کشمیری زبان اور شاعری کا مصنّف کون ہے ؟

(ا) ابوالکلام آزاد (ب) عبدالاحد آزاد

(ج) محمد حسین آزاد (د) غلام نبی آزاد ۔

15 ابوالکلام آزاد کی ادارت میں شائع ہونے والے سب سے زیادہ مشہور اخبار کا نام کیا تھا ؟

(ا) البلاغ (ب) الہلال

(ج) وکیل (د) ان میں سے کوئی نہیں ۔

16. حامدی کاشمیری ، شاعر ، افسانہ نگار اور ناول نگار کے علاوہ اور کس حیثیت سے جانے جاتے ہیں ؟

(ا) مترجم (ب) نقاد

(ج) انشائیہ نگار (د) مقرّر

17. پریم ناتھ پردیسی کس حیثیت سے زیادہ مشہور ہیں ؟

(ا) مضمون نگار (ب) افسانہ نگار

(ج) صحافی (د) سیاست داں ۔

18. ریاست جموں و کشمیر سے شائع ہونے والے اُردو کے پہلے اخبار کا نام کیا تھا ؟

(ا) ملاپ (ب) رنبیر

(ج) گریز (د) پرتاپ ۔

19. محمد عمر نور الٰہی کی تصنیف کا نام کیا ہے ؟

(ا) کتھا ساگر (ب) ناٹک ساگر

(ج) کویتا ساگر (د) بھیم ساگر ۔

20. اُردو کے کس بڑے شاعر کا نکاح سرینگر کے ویمنس کالج کی قدیم عمارت میں پڑھایا گیا تھا؟

(الف) قتیل شفائی (ب) فیض احمد فیض

(ج) سردار جعفری (د) منیر نیازی

21. اُردو کے کس افسانہ نگار نے ایک کشمیری لفظ کو بطور تخلص استعمال کیا اور آج دنیا انھیں اُسی نام سے جانتی ہے؟

(الف) پریم ناتھ بزاز (ب) سعادت حسن منٹو

(ج) سوم ناتھ زتشی (د) رام لعل۔

22. نرملا۔ پریم چند کے کس ناول کی ہیروئن ہے؟

(الف) گئودان (ب) نرملا

(ج) بازارِ حسن (د) چوگان ہستی۔

23. "شگفتہ بیانی میری" کس کی تصنیف ہے؟

(الف) رشید احمد صدیقی (ب) مشتاق یوسفی

(ج) نیاز فتحپوری (د) پطرس۔

24. "مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ" کس کی تحریر ہے؟

(الف) سجاد حیدر یلدرم (ب) مجتبیٰ حسین

(ج) کنہیا لال کپور (د) راج نارائن۔

25. شعری مجموعہ "دیدۂ تر" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(الف) غلام رسول نازکی (ب) علی محمد لون

(ج) سجاد حسین (د) محمد یوسف ٹینگ۔

26. ریاست جموں و کشمیر میں بابائے صحافت کس کو کہا جاتا ہے؟

(الف) ملک راج صراف (ب) موتی لال ساقی

(ج) ہرگوپال خستہ (د) ثناء اللہ بٹ

27. بدیا بلاس سبھا، کس سنہ میں قائم کی گئی تھی؟

(ا) ۱۸۷۶ء (ب) ۱۸۶۰ء

(ج) ۱۸۸۵ء (د) ۱۹۰۷ء۔

28. کشمیر میں "حلقہ مفرح القلوب" کس نے قائم کیا تھا؟

(ا) محمد دین تاثیر (ب) خوشی محمد ناظر

(ج) منشی سراج الدین (د) شیخ رشید احمد

29. فکر اقبال ۔ کشمیر کے کس عظیم مصنف کی تصنیف ہے؟

(ا) خلیفہ عبدالحکیم (ب) حامدی کاشمیری

(ج) حکیم منظور (د) نعیم صاحب۔

30. ریاست جموں وکشمیر میں اُردو کو سرکاری زبان کا درجہ کس سنہ میں دیا گیا تھا؟

(ا) ۱۸۸۵ء (ب) ۱۸۹۰ء

(ج) ۱۹۴۷ء (د) ۱۹۵۳ء۔

31. جس کمیٹی کی سفارش پر ۱۹۳۰ء میں ریاست جموں وکشمیر کے اسکولوں کیلئے اردو کو ذریعہ تعلیم بنایا گیا اُس کمیٹی کا کیا نام تھا؟

(ا) آنگر کمیٹی (ب) سیدین کمیٹی

(ج) تعلیمی کمیٹی (د) سیاسی کمیٹی۔

32. مزاحیہ شاعری کا مجموعہ "حرفِ شیریں" کس کی تصنیف ہے؟

(ا) قاضی غلام محمد (ب) اکبر جے پوری

(ج) یٰسین بیگ (د) حامد کشمیری۔

33. لہو لمس چنار کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) قیصر قلندر (ب) حکیم منظور

(ج) مظفر ایرج (د) ظفر سراج۔

Urdu

34. "گیلے پتھروں کی مہک" کس کے افسانوی مجموعے کا نام ہے ؟

(ا) علی محمد لون (ب) نور شاہ

(ج) حامدی کاشمیری (د) حسرت۔

35. "میر انیس بحیثیت رزمیہ شاعر" کشمیر کے کس نامور محقق کا تحقیقی کارنامہ ہے ؟

(ا) ڈاکٹر اکبر حیدری (ب) مقبول حسن

(ج) یوسف ٹینگ (د) مظفر احمد۔

36. شاعرِ مشرق کس شاعر کو کہا جاتا ہے ؟

(ا) جوش (ب) اقبال

(ج) فیض (د) میر۔

37. 'بانگِ درا' کس کی تصنیف ہے ؟

(ا) اقبال (ب) فراق

(ج) ساحر (د) شکیل۔

38. 'اقبال اور کشمیر' کے مصنف کون ہیں ؟

(ا) جگن ناتھ آزاد (ب) یوسف حسین خاں

(ج) عزیز احمد (د) آلِ احمد سرور۔

39. انجمن ترقی پسند مصنفین کی پہلی کانفرنس کہاں ہوئی تھی ؟

(ا) لاہور (ب) لکھنؤ

(ج) دہلی (د) پٹنہ۔

40. غالب کی جمالیات کے مصنف کا نام کیا ہے ؟

(ا) محمد حسن (ب) قمر رئیس

(ج) شکیل الرحمٰن (د) سرور۔

41. کشمیر یونیورسٹی کے موجودہ وائس چانسلر کا نام کیا ہے؟

(ا) محمد امین قادری (ب) محمد لیسین قادری

(ج) محمد یوسف قادری (د) محمد اسلم قادری۔

42. ریاست جموں و کشمیر میں اُردو کی پہلی کتاب "سفرنامہ بخارا" کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) شیر سنگھ مہتہ (ب) ملک راج صراف

(ج) نندلال طالب (د) عاصی۔

43. تقسیم ملک کے بعد ریاست جموں و کشمیر میں آئین کی دفعہ ۱۴۵ کے تحت اُردو کو سرکاری زبان کا درجہ دیئے جانے کی توثیق کس سنہ میں کی گئی؟

(ا) سنہ ۱۹۵۶ء (ب) سنہ ۱۹۴۸ء (ج) سنہ ۱۹۵۰ء (د) سنہ ۱۹۶۰ء۔

44. ہرگوپال خستہ کی تصنیف "گلدستہ کشمیر" کس سنہ میں شائع ہوئی تھی؟

(ا) سنہ ۱۸۷۳ء (ب) سنہ ۱۸۲۰ء

(ج) سنہ ۱۸۷۶ء (د) سنہ ۱۹۰۲ء۔

45. تاریخ لداخ، جموں و کشمیر کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(ا) وزیر حشمت اللہ (ب) اکبر لداخی

(ج) سکندر خان (د) اکبر خان۔

46. کشمیر سے جموں تک کا فاصلہ کتنے کلومیٹر ہے؟

(ا) ۲۹۰ (ب) ۳۱۰

(ج) ۲۵۰ (د) ۳۲۰

47. مدینہ ثانی کے نام سے مشہور ریاست کی مشہور مسجد کس علاقے میں واقع ہے؟

(ا) حضرت بل (ب) اسلام آباد

(ج) بمنہ (د) خانیار

48. 'نیرنگ غزل' کس کی تصنیف ہے ؟

(ا) رضا جاودانی (ب) غلام حسین

(ج) قیس شیروانی (د) قیصر قلندر ۔

49. اقبال انسٹی ٹیوٹ کشمیر یونیورسٹی کے پہلے ڈائرکٹر کا نام کیا تھا ؟

(ا) مسعود حسین خاں (ب) آلِ احمد سرور

(ج) عالم خوندمیری (د) محمد یوسف ۔

50. 'اردو شاعری پر ایک نظر' کس کی تصنیف ہے ؟

(ا) کلیم الدین احمد (ب) احتشام حسین

(ج) اعجاز حسین (د) سروری ۔

51. سیریل 'مرزا غالب' میں غالب کا رول کس نے کیا تھا ؟

(ا) رام گوپال (ب) گوپال رام

(ج) وصنی رام (د) نصیر الدین شاہ ۔

52. قصۂ 'چہار درویش' کے مصنف ہیں :

(ا) رجب علی بیگ (ب) غالب

(ج) میر امّن (د) میر تقی میر ۔

53. 'فسانۂ عجائب' کس نے لکھی تھی ؟

(ا) میر امّن (ب) آتش

(ج) جگر (د) رجب علی بیگ سرور ۔

54. مومن خاں مومن کس کے ہمعصر تھے ؟

(ا) غالب کے (ب) اقبال کے

(ج) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کے (د) فیض احمد فیض کے ۔

62. 'آگ کا دریا' کس کی تصنیف ہے ؟

(ا) قرۃ العین حیدر کی　　(ب) جگر کی

(ج) حسرت کی　　(د) فیض کی ۔

63. 'کشمیری الاصل' ڈرامہ نویس کا نام کیا تھا ؟

(ا) کالیداس　　(ب) صالحہ عابد حسین

(ج) آغا حشر　　(د) امتیاز علی تاج ۔

64. رباعی کے مصرعوں کی تعداد کیا ہوتی ہے ؟

(ا) چھ　　(ب) چار

(ج) سات　　(د) پانچ ۔

65. میر انیس کیا تھے ؟

(ا) افسانہ نویس　　(ب) مرثیہ نگار

(ج) ناول نگار　　(د) ڈرامہ نگار ۔

66. اقبال کی وفات کب ہوئی تھی ؟

(ا) ۱۹۴۰ء　　(ب) ۱۸۷۰ء

(ج) ۱۹۳۸ء　　(د) ۱۹۶۵ء ۔

67. 'انارکلی' کس کی تصنیف ہے ؟

(ا) امتیاز علی تاج کی　　(ب) محبوب خان کی

(ج) غالب کی　　(د) اقبال کی ۔

68. درج ذیل شعراء میں کون بیسویں صدی کا شاعر تھا ؟

(ا) میر　　(ب) امیر خسرو

(ج) اقبال　　(د) ولی دکنی ۔

69. 'سبیل' کے معنی ہیں :

(الف) قلم (ب) راستہ

(ج) میدان (د) پہاڑ

70. 'سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا' کس نے لکھا ہے؟

(الف) جوشؔ نے (ب) اقبالؔ نے

(ج) سیمابؔ اکبرآبادی نے (د) جگرؔ نے